سوال

(450) قبر پر جا کر کس طرف منہ کر کے دعا کرنی چاہیے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قبر پر جا کر کس طرف منہ کر کے دعا کرنی چاہیے، یا جہاں بھی ہے وہیں کرتا رہے ،اپنے والدین اور جو جو بھی فوت شدہ گان ان کے لیے؟ (حامد رشید، لاہور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قبلہ رخ ہو کر دعا کرے تو بہتر ہے، ویسے جس طرف بھی منہ کر کے دعاء کرے درست ہے۔ { فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ط }

[''تم جدھر بھی منہ کرو، ادھر ہی اللہ کا چہرہ ہے۔'' [البقرة:۱۱۵]] ۲۹ ۴ ۱۴۲۴ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد 02 ص 374

محدث فتویٰ